لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۴ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ ربیع الثانی ۱۳۴۴ھ مطابق ۲ نومبر ۱۹۲۵ء | جلد ۳۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مستقلی ملازمان

۲۵ اکتوبر ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکرٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات درباره منظوری انتظام تبدیل وغیرہ ملازمان بجلی گھر جس کی منظوری برائے چار ماہ بحکم ۱۳ مئی ۱۹۲۵ء فرمائی گئی تھی مستقل از یکم اکتوبر ۱۹۲۵ء

۱- رام سروپ اسپکٹر ہٹ مشاہرہ دار چالیس روپیہ کے خدمات بطور اکاؤنٹنٹ بجلی گھر مین منتقل ہون یہ عہدہ صیغہ تعمیرات سے تخفیف کردیجائے۔

۲- ابوظفر احمد اسٹور کیپر چیران صیغہ تعمیرات مشاہرہ دار سائٹھ روپیہ کے خدمات بطور سپرنٹنڈنٹ اسٹور صیغہ بجلی گھر مین منتقل کئے جائین۔

۳- منشی محمد اصغر خان اکاؤنٹنٹ برانچ تعمیرات بہ تنخواہ موجودہ پچاس روپیہ چیران مین بجائے ابوظفر احمد تبدیل کیا جائے۔

۴- منشی شرف الدین خان سپروائزر بجلی گھر بہ تنخواہ موجودہ پچاس روپیہ صیغہ تعمیرات مین بجائے محمد اصغر خان منتقل کیا جائے۔ بجلی گھر مین آئندہ سپروائزر کی ضرورت نہین ہے۔

حکم

بموجب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت یکم اکتوبر ۱۹۲۵ء سے یہ انتظام مستقل کیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

بدستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۴ اکتوبر ۱۹۲۵ء

مثل رپورٹ سٹیٹ انجینیر واٹر ورکس دربارہ منظوری رخصت دس یوم منشی لال بہادر کلرک واٹر ورکس بضرورت گنگا اشنان من ابتدائے ۲۵ اکتوبر لغایت ۳ نومبر ۱۹۲۵ء۔

حکم

دس یوم کی رخصت منشی لال بہادر کلرک واٹر ورکس کی منظور ہے ایام رخصت مین منشی صفدر علی خان کام کے ذمہ دار رہین۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل طبع ہو گئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھایئے۔ خود بھی خرید فرما کر پڑھیے اور احباب کو بھی دکھایئے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲ روپے ہے

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کیگئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲ روپے ہے

خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کی ملحقات مین ہے۔ جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے۔ بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک ۴ روپے ہے

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین ارسال فرمایئے۔

ذو الفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس بابت رامپور من ابتدائے ۲۶ اکتوبر لغایت یکم نومبر ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم						۶ ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص						۸ ار	
نخود کستہ آمیز						۵ ار	
گنہ						۰۰ ار	
ماش						۷ ار	
مونگ						۵ ار	
مکا						۹ ار	
جو						۱۱ ار	
گوجی						۸ ار	
عدس						۸ ار	
ارہر						۱۰ ار	
برنج						۴ ار	
روغن زرد						۱۱۱ ار	
روغن سیاہ						لے ار	
روغن کنجد						۱ ار	
نمک سانبھر						۱۱ ار	
نمک لاہوری						۔ ار	
قند سیاہ						۱ ار	
اچیہ						۸	